## ایم کیوایم شعبہ خواتین برطانیہ کے زیراہتمام لندن میں محفل میلاد کا انعقاد
## خواتین نے بارگاہ رسالتؐ میں گلہائے عقیدت پیش کیا اور نبی کریمؐ کی سیرت طیبہ پر روشنی ڈالی

لندن۔۔۔یکم مئی 2007ء

جشن عیدمیلادالنبیؐ کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین برطانیہ کے زیراہتمام لندن میں محفل میلاد منعقد کی گئی جس میں شریک ثناءخواں خواتین نے بارگاہ رسالتؐ میں گلہائے عقیدت پیش کئے اور نبی کریمؐ کی سیرت طیبہ پر روشنی ڈالی۔محفل میلادلندن کے علاقے ایجویئر میں واقع کمیونٹی سینٹر میں منعقد کی گئی جس میں لندن کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والی خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔محفل میلاد میں ثناءخواں خواتین کے ساتھ ساتھ ایم کیوایم شعبہ خواتین برطانیہ کی انچارج محترمہ صفیہ اکبر، اراکین محترمہ یاسمین نوین، محترمہ شاہین، محترمہ سیمی جاوید، محترمہ بیداانور، محترمہ ارجمند حیدر، محترمہ رضوانہ اظہار، حق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ فرحینہ امبرین، ایم کیوایم ایمپلائمنٹ سیل کی رکن محترمہ شمیم خلیل، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کی رکن محترمہ فرزانہ ظفر کے علاوہ محترمہ نصرت، کمسن بچوں اقراءشہزاد، جویریہ شہزاداور دیگر نے بارگاہ رسالتؐ میں نذرانہ عقیدت پیش کیے اور سرکاردوعالمؐ کی سیرت طیبہ پر روشنی ڈالی۔محفل میلادکی نظامت کے فرائض محترمہ بشریٰ رضا نے انجام دیئے۔محفل میلاد کے اختتام پر سلام پیش کیا گیا اور بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی، ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی، حق پرستی کے پیغام کے فروغ، حق پرست شہداء کے بلند درجات اور لواحقین کیلئے صبرجمیل کے علاوہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمراور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں۔

## طارق میر کی چچی کے انتقال پرالطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔یکم مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن طارق میر کی چچی مسزمارگریٹ رفیق کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے طارق میرسمیت مرحومہ کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## طارق میر کی چچی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔یکم مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے رابطہ کمیٹی کے رکن طارق میر کی چچی مسزمارگریٹ رفیق کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات بلندفرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگوارلواحقین کو صبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم ایم اے کی حکومت صوبہ سرحد میں عوام کی جان ومال کے تحفظ میں ناکام ہوگئی ہے، ایم کیوایم سرحد
## صوبہ سرحد میں نام نہاد مذہبی جماعتوں کے دورحکومت میں امن وامان کی صورتحال سنگین ہے

کراچی۔۔۔یکم مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ صوبہ سرحد کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے کہا ہے کہ متحدہ مجلس عمل کی حکومت صوبہ سرحد میں قیام امن اورعوام کی جان ومال کے تحفظ میں بری طرح ناکام ہوگئی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ صوبہ سرحد میں جماعت اسلامی اوراس کی اتحادی جماعتوں کی حکومت قائم ہے جہاں قتل وغارتگری اور دہشت گردی کے واقعات روزمرہ کا معمول بن چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ صوبہ سرحد میں نام نہاد مذہبی جماعتوں کے دورحکومت میں امن وامان کی صورتحال اس قدر سنگین ہے کہ وہاں پولیس اورفوج کے اہلکاروں، افسران اورمنتخب نمائندوں سمیت سینکڑوں شہری جاں بحق ہوچکے ہیں حتیٰ کہ مذہبی انتہاء پسندوں اور دہشت گردوں کے حملوں سے صوبہ کے وزیراعلیٰ کا خاندان اورحکمراں جماعت کے سربراہ کی رہائش گاہ تک محفوظ نہیں ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ صوبہ سرحد میں دہشت گردی کے واقعات کے علاوہ ڈیرہ اسمٰعیل خان میں فرقہ وارانہ فسادات اورچارسدہ میں خودکش حملے میں درجنوں بے گناہ شہریوں کی ہلاکت اس بات کا کھلا ثبوت ہے کہ جماعت اسلامی اورایم ایم اے کی حکومت صوبہ میں شہریوں کی جان ومال کے تحفظ اورامن وامان کی صورتحال برقراررکھنے بری طرح ناکام ہوچکی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب جماعت اسلامی کے رہنماء منافقت کا مظاہرہ کرتے ہوئے

دن رات صوبہ سندھ میں امن وامان کی صورتحال اور صوبہ سندھ کی منتخب حکومت کے خلاف بیان بازی کررہے ہیں جبکہ دوسری جانب انہیں صوبہ سرحد میں اپنی حکومت کے دور میں قتل وغارتگری، دہشت گردی اور امن وامان کی بدترین صورتحال دکھائی نہیں دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی والوں کو دوسروں کی آنکھ میں تنکا تلاش کرنے کے بجائے پہلے اپنی آنکھ میں موجود شہتیر پر نظر ڈالنی چاہیئے، سندھ اور کراچی دشمنی کا مظاہرہ کرنے اور منافقت کرنے کے بجائے صوبہ سرحد میں امن وامان کی ناکامی پر صوبہ سرحد کی حکومت کی معطلی کا بھی مطالبہ کرنا چاہیئے۔ انہوں نے صدر جنرل پرویز مشرف اور وزیراعظم شوکت عزیز سے مطالبہ کیا کہ صوبہ سرحد میں دہشت گردی اور قتل وغارتگری کے مسلسل واقعات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور صوبہ سرحد میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ٹھوس اور عملی اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## گہوارہ ادب کے تحت انور بھائی پارک ناظم آباد میں چوتھا ''پاک ہند دوستی مشاعرہ
## پاکستان، انڈیا، امریکہ اور اکناف عالم کے معروف شعرائے کرام نے اپنا کلام پیش کیا

کراچی ۔۔۔ یکم مئی 2007ء

دنیائے اردو ادب کی ممتاز وفعال ادبی تنظیم گہوارہ ادب کے تحت چوتھا ''پاک ہند دوستی مشاعرہ'' پیر کی شب ناظم آباد کے انو بھائی پارک میں منعقد ہوا۔ مشاعرے کی صدارت حق پرست شاعر عاقل بریلوی نے کی۔ اس مشاعرے میں پاکستان کے مختلف شہروں کے علاوہ انڈیا، امریکہ اور دیگر ممالک کے معروف وممتاز شعرائے کرام نے شرکت کی اور اپنا کلام پیش کیا۔ مشاعرے کی نظامت کے فرائض حق پرست رکن سندھ اسمبلی فیصل سبزواری کے علاوہ نعیم کمالی، صباء ایوب اور شرمین قزلباش نے انجام دیئے۔ محفل مشاعرہ میں بزرگ اور خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور شعرائے کرام کے کلام سے محظوظ ہوئے۔ مشاعرے میں انڈیا سے تعلق رکھنے والے شعراء کرام محترمہ ممتاز صدیقی بھوپالی، نوشاد مومن محترمہ نزہت انجم، انور جلال پوری، منور رانا، معراج فیض آبادی، امریکہ سے محترمہ طلعت، پاکستان کے شہر کراچی کے معروف شعراء پروین حیدر، سید مقبول عابدی، سید ساجد رضوی، محترمہ گلنار آفرین، خواجہ رفیق انجم، احمد نوید، اطہر شاہ خان جیدی، قمر اکبر آبادی، راغب مراد آبادی، سید ین رضوی، پروفیسر عنایت علی خان، عارف شفیق، منظر ایوبی، سلیم کوثر، پروفیسر سحر انصاری، خورشید اقبال حیدر، فیروز برہان پوری، لاہور کے شاعر تیمور حسن، حیدرآباد کے شاعر م۔ش۔ عالم، کوئٹہ کے شاعر طالب حسین طالب اور اسلام آباد کی شاعرہ صائمہ علی نے اپنے انقلابی اور مزاحیہ اشعار سے شرکاء کو محظوظ کیا۔ اس موقع پر مشاعرے کے شرکاء نے بھی شعرائے کرام کو دل کھول کر داد دی اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ مشاعرے میں شرکاء کی بڑی تعداد نے مکمل دلچسپی کے ساتھ شرکت کی جس کے باعث محفل مشاعرہ فجر کی نماز تک بلاتوقف جاری رہا۔ اس مشاعرے میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہمشیرہ محترمہ سائرہ خاتون، ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، دیگر اراکین رابطہ کمیٹی، سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال، حق پرست وزراء، مشیران، ارکان اسمبلی اور ٹاؤن ناظمین نے بھی شرکت کی۔ گہوارہ ادب کے تحت مشاعرے کے سلسلے میں انو بھائی پارک میں زبردست انتظامات کئے گئے تھے اور قناطوں کی مدد سے ایک بڑا پنڈال بنایا گیا تھا جبکہ شرکاء کے بیٹھنے کیلئے فرشی نشستوں کا اہتمام کیا گیا تھا جہاں گاؤ تکیے سمیت محفل مشاعرہ کے تمام لوازمات فراہم کئے گئے تھے۔ مشاعرے میں بنایا گیا اسٹیج 45فٹ چوڑا 14فٹ اونچا تھا جس کے عقب میں ایک بڑی اسکرین لگائی گئی تھی۔ اسکرین پر ''ہم پرورش لوحِ قلم کرتے رہیں گے، پاک ہند دوستی مشاعرہ'' جلی حروف میں تحریر تھا۔ پنڈال میں اے پی ایم ایس او کی جانب سے بڑی تعداد میں بینرز بھی لگائے گئے تھے جن پر شعراء کو خوش آمدید کے الفاظ اور مختلف اشعار تحریر تھے۔ مشاعرے کا باقاعدہ آغاز 11 بجکر 45 منٹ پر تلاوت کلام پاک سے کیا گیا۔ مشاعرے کے اختتام پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، رکن رابطہ کمیٹی شعیب بخاری، وسیم آفتاب اور اے پی ایم ایس او کی تنظیم نو کمیٹی کے اراکین ارشد شاہ اور عابد چوہان نے شعرائے کرام میں اعزازی شیلڈ اور تحائف بھی تقسیم کئے۔

## پاک بھارت مذاکرات کا عمل وقت کی قید میں جکڑا جارہا ہے، ڈاکٹر فاروق ستار
## گہوارہ ادب نے شاندار مشاعرے کا انعقاد کرکے اپنے پرکھوں کی روایت کو برقرار رکھا ہے، سٹی ناظم مصطفیٰ کمال
## پاک ہند دوستی مشاعرے سے خطاب

کراچی ۔۔۔ یکم مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ پاک وہند دوستی کا سفر ناقابل واپسی ہوگیا ہے اور اب اس سفر کو عوام نے اپنی ملکیت میں لے لیا ہے۔ یہ بات انہوں نے پیر کی شب گہوارہ ادب کے زیراہتمام انو بھائی پارک ناظم آباد میں ہونے والے ''پاک ہند دوستی'' مشاعرے کے اختتام پر شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے

کہی۔انہوں نے کہا کہ یہ واحد عالمی مشاعرہ ہے جو کہ گیٹ سے لے کر اسٹیج تک منظّم ہے۔انہوں نے کہا کہ مشاعرے میں شاعروں کے کلام اور سامعین کی داد وتحسین نے سب پر ظاہر کردیا ہے کہ پاک ہندوستی کا سفر اب ناقابل واپسی ہوگیا ہے اب کوئی بھی آنے والی حکومت اس عمل کو واپس نہیں کرسکتی۔انہوں نے کہا کہ پاک بھارت مذاکرات کا عمل وقت کی قید میں جکڑا جارہا ہے اور اس کے فوائد بہت جلد دونوں ممالک کے عوام کو پہنچیں گے۔انہوں نے انڈیا،امریکہ اور پاکستان کے شعرائے کرام کا قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دل کی گہرائیوں سے خیر مقدم کیا اور ان کی آمد پر دلی تشکر کا اظہار کیا۔قبل ازیں مشاعرے سے خطاب کرتے ہوئے سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ گہوارہ ادب نے شاندار مشاعرے کا انعقاد کر کے اپنے پرکھوں کی روایت کو برقرار رکھا ہے۔انہوں نے کہا کہ حق پرست نمائندوں کی کوشش ہے کہ ایک عام آدمی کی زندگی میں خوشحالی لائی جائے اور انہیں ایسے مواقع فراہم کئے جائیں جہاں لوگ خوشی کے لمحات گزار سکیں۔انہوں نے کہا کہ شہر میں بہت ترقیاتی کام ہورہے ہیں اور ہماری تمام کاوشیں مثبت سمت میں جاری ہیں۔انہوں نے کہا کہ گہوارہ ادب نے اس مشاعرہ کا انعقاد کر کے بڑا کام کیا ہے ہم اربوں روپے لگا کر بھی عوام کو ایسی تفریح فراہم نہیں کرسکتے جو گہوارہ ادب نے آج فراہم کی ہے۔انہوں نے مشاعرے کیلئے اپنی جانب سے ایک لاکھ روپے دینے کا اعلان بھی کیا۔

## الطاف حسین عوام کے دلوں میں بستے ہیں،شعراء
## شعرائے کرام کے گہوارہ ادب کے تحت ہونے والے مشاعرے میں تاثرات

کراچی۔۔۔یکم مئی 2007ء
پاکستان، بھارت اور دیگر ممالک کے معروف شعراء کرام نے کہا ہے کہ جناب الطاف حسین عوام کے دلوں میں بستے ہیں اور ایم کیو ایم کی جڑیں عوام میں مضبوطی سے قائم ہیں۔یہ بات انہوں نے گہوارہ ادب کے تحت پیر کی شب انو بھائی پارک ناظم آباد میں ہونے والے پاک ہندوستی مشاعرے میں اپنے تعرفی کلمات میں کہی۔انہوں نے کہا کہ ہم کراچی والوں کی محبت کو کبھی نہیں بھول سکتے اور ہم جب سے کراچی آئے ہیں مشاعرے میں پہلی بار جاگتا ہوا مجمع دیکھنے کو ملا ہے۔شعرائے کرام نے مشاعرے کے انتظامات کو سراہا اور گہوارہ ادب کی ادبی سرگرمیوں کی تعریف بھی کی۔

## حسن لشکری ویلیج لیاری میں فائرنگ اور اس کے نتیجے میں مقامی نوجوان محسن علی کی ہلاکت پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس
## ذمہ دار عناصر کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے

کراچی۔۔۔یکم مئی 2007ء
متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گزشتہ دنوں لیاری کے علاقے حسن لشکری ویلیج میں واقع شیر بانو امام بارگاہ کے قریب فائرنگ کے واقعہ مقامی نوجوان محسن علی کی ہلاکت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ محسن علی کے قتل کے ذمہ دار عناصر کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے اور انہیں سخت ترین سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محسن علی کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری نے ممتاز دانشور اور شاعر جمیل الدین عالی کی اسپتال جا کر عیادت کی

کراچی۔۔۔یکم مئی 2007ء
متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن و صوبائی وزیر شعیب احمد بخاری نے ممتاز دانشور، ادیب اور شاعر جمیل الدین عالی کی کراچی کے مقامی اسپتال جا کر عیادت کی اور ان کی جلد صحت یابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔اس موقع پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی اختر بلگرامی بھی ان کے ہمراہ تھے۔انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے جمیل الدین عالی کی خیریت دریافت کی اور انہیں گلدستہ بھی پیش کیا۔وہ کچھ دیر جمیل الدین عالی کے ہمراہ رہے اور انہوں نے جمیل الدین عالی کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

☆☆☆☆☆